Sig. of Supdt..

KT-IX-1701

اُردو (نہم)

(Fresh/Reappear)

Roll No..

Code = 13

Fic No..

Fic No..

وقت: ۳ گھنٹے — اُردو (نہم) — نمبر: ۷۵

(Fresh/Reappear)

حصہ اول (معروضی)

وقت: ۲۰ منٹ — نمبر: ۱۵

سوال نمبر ۱۔ درست جواب کا انتخاب کریں۔ اور اپنا انتخاب (الف، ب، ج یا د) ہر جز کے سامنے دیئے گئے خالی خانہ میں لکھیں۔

i۔ ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ اپنی شاہ خرچیوں کی وجہ سے اکثر مقروض رہتے تھے۔

الف۔ اقبال　ب۔ غالب　ج۔ نظیر　د۔ امیر مینائی

ii۔ سرسید کا مضمون "قومی اتفاق" اُن کی کس کتاب سے لیا گیا ہے؟

الف۔ مقالات سرسید　ب۔ آثار الصنادید　ج۔ تہذیب الاخلاق　د۔ خطبات احمدیہ

iii۔ "طبل و علم" مرکب ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ہے۔

الف۔ توصیفی　ب۔ اضافی　ج۔ عطفی　د۔ عددی

iv۔ کرنل محمد خان ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ میں فوج میں بھرتی ہوئے۔

الف۔ ۱۹۳۰ء　ب۔ ۱۹۴۰ء　ج۔ ۱۹۵۰ء　د۔ ۱۹۶۰ء

v۔ "آرام و سکون" کس نے لکھا ہے؟

الف۔ مرزا ادیب　ب۔ فرحت اللہ بیگ　ج۔ امتیاز علی تاج　د۔ شفیق الرحمٰن

vi۔ بھیک مانگنے کی مذمت سب سے زیادہ ۔۔۔۔۔۔۔۔ میں کی گئی ہے۔

الف۔ عیسائیت　ب۔ یہودیت　ج۔ ہندومت　د۔ اسلام

vii۔ ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ کے اشعار سے اُن کے جگر کا خون ٹپکتا ہے۔

الف۔ آتش　ب۔ غالب　ج۔ ظفر　د۔ میر

viii۔ ہوتے ہوتے میری نظر کا ۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ہوگیا۔

الف۔ شہرہ　ب۔ چرچا　ج۔ شکار　د۔ جادو

ix۔ غرض وہ سارا انبار عورتوں اور ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ میں تقسیم ہوگیا۔

الف۔ بوڑھوں　ب۔ مردوں　ج۔ غلاموں　د۔ بیماروں

x۔ کون سا مغل بادشاہ اُردو میں شاعری کرتا تھا؟

الف۔ اکبر　ب۔ ہمایوں　ج۔ جہانگیر　د۔ بہادر شاہ ظفر

xi۔ مہذب ملکوں میں جو کچھ طاقت ہے۔ وہ سب ۔۔۔۔۔۔۔۔۔ کی بدولت ہے۔

الف۔ ترقی　ب۔ اتفاق　ج۔ سرمایہ　د۔ توانائی

xii۔ پھر، گھر اور گر جیسے ہم آواز الفاظ کو ۔۔۔۔۔۔۔۔۔ کہتے ہیں۔

الف۔ قافیہ　ب۔ ردیف　ج۔ مطلع　د۔ مقطع

xiii۔ ایسے الفاظ جن کے دو دو معنی ہوں ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ کہلاتے ہیں۔

الف۔ مرکب الفاظ　ب۔ مبہم الفاظ　ج۔ ذو معنی الفاظ　د۔ ہم معنی الفاظ

xiv۔ حیات سعدی، یادگارِ غالب اور حیات جاوید کس کی تصانیف ہیں؟

الف۔ حالی　ب۔ سرسید　ج۔ غالب　د۔ آزاد

xv۔ جس شخص نے اللہ کے نام پر سوال کیا وہ ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ہے۔

الف۔ کافر　ب۔ متکبر　ج۔ منافق　د۔ ملعون

وقت: ۲ گھنٹے ۴۰ منٹ

KT-IX-1701

اُردو (نہم)

(Fresh/Reappear)

حصہ دوئم

نمبر: ۳۶

سوال نمبر۲۔ مندرجہ ذیل میں سے نو (۹) اجزاء کے مختصر جوابات تحریر کریں۔ تمام اجزاء کے نمبر مساوی ہیں۔

i۔ مربع نظم، مخمس اور مسدس نظم سے کیا مراد ہے؟

ii۔ ''ڈرامہ دستک'' کے حوالے سے ڈاکٹر زیدی کے کردار پر ایک نوٹ تحریر کریں۔

iii۔ نظم اور غزل میں بنیادی فرق بیان کریں۔

iv۔ تشبیہ کی تعریف کریں۔ اور مثالیں پیش کریں۔

v۔ افسانہ ''حجِ اکبر'' کا مرکزی خیال بیان کریں۔

vi۔ نظیر اکبر آبادی کا اصل نام اور اُس کے باپ کا نام کیا تھا۔ نیز وہ کہاں پیدا ہوئے؟

vii۔ علامہ مقری نے تاریخ اُندلس میں سائلوں کے بارے میں کیا لکھا ہے؟

viii۔ چار فعلیہ جملے لکھیے اور اُن میں فاعل، مفعول اور فعل کی نشاندہی کریں۔

ix۔ غلام صاحب خانہ کے گھر کیسے پہنچا؟

x۔ برادرانِ یوسف سے کیا مراد ہے؟ وضاحت کریں۔

xi۔ شاکرہ کو بوڑھی دایہ پر کیا شک تھا؟

xii۔ جملوں میں استعمال کریں۔ دستِ مبارک دروغ گوئی آتشِ دوزخ ممانعت

حصہ سوم

نمبر: ۲۴

سوال نمبر۳۔ مندرجہ ذیل نثر پاروں میں سے کسی ایک جزو کی تشریح متن اور سیاق و سباق کے حوالے سے کیجیے۔

الف۔ ہم اُداس ہوتے یا ہمیں دھمکایا جاتا تو ہم سیدھے جھیل کا رُخ کرتے۔ بنسیاں پانی میں ڈال کر گھاس اور پھولوں میں بیٹھ جاتے۔ بادشاہوں، پریوں اور بحری ڈاکوؤں کی کہانیاں پڑھتے۔ ذرا سی دیر میں ہم بھول جاتے کہ اس خوبصورت گوشے کے علاوہ دنیا کے اور حصے بھی ہیں جہاں سکول بھی ہیں۔ سکول کا کام ہے۔ ماسٹر صاحب کی ڈانٹ ہے، گھر والوں کی گھرکیاں ہیں۔

ب۔ مگر بابا ''ہر فرعونے را موسیٰ'' چھوٹی صاحب زادی صاحبہ کچھ مجھ سے زیادہ تیز تھیں۔ خود ہی مجھے مارتیں اور خود ہی رونے بیٹھ جاتیں۔ بھلا ان کے مقابلے میں مجھ بچارے کی کیا ہستی تھی۔ اُلٹی مجھ پر ہی لے دے ہوتی، غرض اس لڑکی کے ہاتھوں ناک میں دم آ گیا، مگر میں بھی بدلہ لیے بغیر تھوڑا ہی مانتا تھا۔

سوال نمبر۴۔ نظم اور شاعر کے حوالے سے کسی ایک جزو کی تشریح کیجیے۔

الف۔
یہی مقصودِ فطرت ہے، یہی رمزِ مسلمانی — اُخوت کی جہانگیری، محبت کی فراوانی
بتانِ رنگ و خوں کو توڑ کر ملت میں گم ہو جا — نہ تورانی رہے، باقی نہ ایرانی، نہ افغانی

ب۔
کیچڑ سے ہو رہی ہے جس جا زمین پھسلنی — مشکل ہوئی ہے واں سے ہر اک کو راہ چلنی
پھسلا جو پاؤں پگڑی مشکل ہے پھر سنبھلنی — جوتی گری تو واں سے کیا تاب پھر نکلنی

سوال نمبر۵۔ شاعر کا نام لکھتے ہوئے مندرجہ ذیل غزلیہ اجزاء میں سے کسی ایک جزو کی تشریح کیجیے۔

الف۔
عمرِ دراز مانگ کے لائے تھے چار دن — دو آرزو میں کٹ گئے دو انتظار میں
بلبل کو باغباں سے نہ صیاد سے گلہ — قسمت میں قید لکھی تھی فصلِ بہار میں

ب۔
ہوائے دورِ مئے خوشگوار، راہ میں ہے — خزاں چمن سے ہے جاتی، بہار راہ میں ہے
عدم کے کوچ کی لازم ہے فکر، ہستی میں — نہ کوئی شہر، نہ کوئی دیار، راہ میں ہے

سوال نمبر۶۔ درج ذیل اقتباس کو بہ غور پڑھ کر آخر میں دیئے گئے سوالات کے جوابات تحریر کریں۔

حضرت علیؓ، حضرت عائشہؓ، حضرت انسؓ، حضرت ہندؓ بن ابی ہالہ وغیرہ مدتوں آپؐ کی خدمت میں رہے تھے۔ ان سب کا متفقہ بیان ہے کہ آپؐ نہایت نرم مزاج، خوش اخلاق اور نیک سیرت تھے۔ آپؐ کا چہرہ ہنستا تھا؛ وقار و متانت سے گفتگو فرماتے تھے اور کسی کی خاطر شکنی نہیں کرتے تھے۔ معمول یہ تھا کہ کسی سے ملنے کے وقت ہمیشہ پہلے خود سلام و مصافحہ فرماتے۔ کوئی شخص جھک کر آپؐ کے کان میں کچھ بات کہتا تو اُس وقت تک اُس کی طرف سے رُخ نہ پھیرتے، جب تک وہ خود مُنہ نہ ہٹا لے۔

i۔ کن لوگوں کا متفقہ بیان ہے کہ آپؐ نہایت نرم مزاج، خوش اخلاق اور نیک سیرت تھے؟ ii۔ آپؐ کی گفتگو کا انداز کیسا تھا؟ iii۔ دوسروں سے ملتے وقت حضورؐ کا طریقہ کار کیا ہوتا تھا؟

یا

کراچی میں مقیم اپنے چھوٹے بھائی کو جو غیر محتاط طریقہ سے موٹر سائیکل چلاتا ہے۔ خط لکھیں اور تنبیہ کریں کی ایک پہیے پر موٹر سائیکل چلانا (ون وھیلنگ) کتنا خطرناک ثابت ہو سکتا ہے۔